© rasailojaraid.com



# وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ، مجلس شوریٰ و مجلس عمومی کے اہم فیصلے

## اجلاس منعقدہ 13، 14 محرم الحرام 1439ھ مطابق 4، 5 اکتوبر 2017ء بروز بدھ و جمعرات

## بمقام جامعہ اشرفیہ مسلم ٹاؤن فیروز پور روڈ لاہور

☆...... شیخ المشائخ حضرت مولانا سلیم اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد ما بقیہ مدت کے لئے حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی کو متفقہ طور پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا صدر منتخب کر لیا گیا۔

☆...... آئندہ بنات کے اقامتی مدارس کا الحاق نہیں کیا جائے گا اور جس موجودہ الحاق شدہ مدرسۃ البنات میں مہتمم کی رہائش ہوگی، اس کا الحاق ختم کر دیا جائے گا، ناظم اور ضلعی مسئول اس سلسلہ میں جلد از جلد اپنی رپورٹ مرکزی دفتر کو بھجوائیں۔

☆...... 1439ھ میں متوسطہ کا امتحان سابقہ نصاب کے مطابق ہوگا اور اس کے بعد، وفاق کا مرتب کردہ سابقہ نصاب ختم ہوگا۔ 1440ھ سے نئی ترتیب کے مطابق ہوگا۔ نئی ترتیب حسب ذیل ہے۔ اردو، معاشرتی علوم، ریاضی، سائنس، انگریزی کا امتحان صوبائی ٹیکسٹ بک بورڈ کی کتب کے مطابق لیا جائے گا، اگر کسی صوبے میں کتب میسر نہ ہوں تو وہ دوسرے صوبے کی کتب پڑھا سکتے ہیں اور پرچہ مشترکہ مواد سے ہوگا، جبکہ بہشتی گوہر اور سیرت رسول کی کتب وفاق کی مرتب کردہ ہوں گی۔

☆...... خاصہ سال دوم کا امتحان پاس کرنے پر، میٹرک پاس طالبات کو میٹرک کی سند کی بنیاد پر ثانویہ عامہ کی تحتانی سند جاری کی جائے گی۔

☆...... غیر میٹرک طالبات کے لئے ثانویہ عامہ کا ایک مختصر نصاب مرتب کیا جائے گا اور اس کا امتحان، ضمنی امتحان کی تاریخوں میں لیا جائے گا۔ اس کی داخلہ فیس ثانویہ عامہ کے مساوی ہوگی۔ اس امتحان میں کامیابی پر ان کو ثانویہ عامہ کی سند جاری ہوگی۔

☆...... یہ امتحان ان سب غیر میٹرک طالبات سے لیا جائے گا، جنہوں نے نئے چھ سالہ نصاب کے مطابق امتحان دیا ہو، یا خاصہ سال اول میں زیر تعلیم ہوں، آئندہ خاصہ سال اول کے امتحان سے قبل ان سے مختصر نصاب کا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

امتحان لیا جائے گا۔

☆...... آئندہ ثانویہ خاصہ سال اول میں پندرہ سال سے کم عمر طالبات کو امتحان میں شرکت کی اجازت ہوگی البتہ ان پر یہ واضح کردیا جائے عمر پوری نہ ہونے کی وجہ سے معادلہ سند نہیں ملے گی، وفاق اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆...... طے ہوا کہ اولیٰ کے رجسٹریشن فارم کے ساتھ فارم ''ب'' کی شرط پر سختی سے پابندی کی جائے نیز رجسٹریشن فارم اور بنین کے تمام داخلہ فارموں پر طلبہ کی تازہ تصاویر لازم ہے۔

☆...... مدارس کو درپیش مسائل کے بارے میں اتحاد تنظیمات پاکستان کی سطح پر اسلام آباد میں ملک گیر اجلاس بلایا جائے گا۔

☆...... ایسے فضلاء جنہوں نے وفاق کے تحت درجہ عالمیہ سال دوم کا امتحان پاس کیا اور اس وقت عالمیہ سال اول کا امتحان وفاق کے تحت نہیں ہوتا تھا، انہوں نے عالمیہ سال اول کا امتحان مدرسہ میں دیا ہے، ان فضلاءِ وفاق کو مدرسہ کے نتیجہ پر عالمیہ سال اول کا تحتانی کارڈ (کشف الدرجات) جاری کیا جائے گا۔

☆...... جامعہ فاطمۃ الزہراء بلاک ڈبلیو ڈیرہ غازیخان کا الحاق حضرت مولانا رشید احمد شاہجمالی صاحب کے نام سے رہے گا، قابض فریق کی جانب سے کوئی داخلہ قبول نہیں کیا جائے گا اور ان کی طرف سے اس بلڈنگ میں کسی بھی نام سے الحاق نہ کیا جائے۔

☆...... سنن ابن ماجہ، سنن نسائی، موطین طحاوی کی مقدار خواندگی متعین نہیں ہے اور مختلف مدارس میں ان کتب کی مختلف مقدار پڑھائی جاتی ہے، مجلس عاملہ نے یہ معاملہ نصاب کمیٹی کی طرف محول کر دیا کہ مقدار خواندگی متعین کرنے کے بارے میں ان سے رائے لی جائے۔

<u>مذمتی قرارداد:</u>

☆...... انتخابی حلف نامہ میں کسی بھی قسم کی ترمیم کو کلی طور پر مسترد کرتے ہیں، ختم نبوت عقیدہ وایمان ہے اس پر کسی کمپرومائز کی گنجائش نہیں، حلف کی جگہ اقرار لانا ٹیسٹ کیس اور حلف نامہ کی حیثیت کو کمزور کرنے کی کوشش ہے، قادیانیت نوازی کے حوالے سے میاں برادران کا ریکارڈ مزید کسی قسم کے اعتماد کی گنجائش نہیں دیتا، قوم بیدار رہے، حکومت فی الفور حلف نامہ کو سابقہ الفاظ میں بحال کرے۔



© rasailojaraid.com